Maulana Azad National Urdu University

M.A. (Urdu)

III - Semester Examination November/December - 2015

Paper 10 : Ghair Afsaanvi Adab ki Aham Asnaaf ka Mutalia

دسواں پرچہ : غیر افسانوی ادب کی اہم اصناف کا مطالعہ

Total Marks : 70 **Time : 3 hours**

حصہ (الف)

نوٹ : تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے چار جوابات دیے گئے ہیں۔ صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔ 1 X 10 = 10

889

1۔ غالب نے خاندان تیموریہ کی تاریخ کس عنوان سے لکھی؟

(الف) مہر نیم روز (ب) قاطع برہان (ج) درفش کاویانی (د) دستنبو

2۔ جاپان میں پھولوں کی سجاوٹ ایک فن ہے اور اس فن کو.................. کہتے ہیں۔

(الف) آسانو (ب) اکیبانہ (ج) سوزوکی (د) تاشی

3۔ قرۃ العین حیدر کا رپورتاژ "دکن سا نہیں ٹھار سنسار میں" اس کے کس مجموعے میں شامل ہے؟

(الف) ستمبر کا چاند (ب) گل گشت (ج) کوہِ دماوند (د) خضر سوچتا ہے

4۔ "یادوں کی برات" کس شاعر کی خودنوشت ہے؟

(الف) فیض (ب) جوش (ج) مجاز (د) مخدوم

5۔ کس نے ملا وجہی کو اردو انشائیہ کا موجد قرار دیا ہے؟

(الف) جاوید وشسٹ (ب) وزیر آغا (ج) انور سدید (د) سید محمد حسنین

6۔ ذیل میں کون سی تصنیف حالی کی نہیں ہے؟

(الف) حیاتِ جاوید (ب) یادگار غالب (ج) حیاتِ سعدی (د) یادگارِ غالب

7۔ "غبار خاطر" کے خطوط مولانا ابوالکلام آزاد نے کس جیل میں اسیری کے دوران لکھے؟

(الف) رانچی (ب) احمد نگر (ج) بمبئی (د) دہلی

8۔ "ہمارے ہاں کرکٹ مشغلہ ہے نہ مشن، اچھی خاصی تعزیری مشقت ہے۔ جس میں کام سے زیادہ عرق ریزی کرنا پڑتی ہے۔" یہ جملہ کس کا ہے؟

(الف) پطرس بخاری (ب) رشید احمد صدیقی (ج) مشتاق احمد یوسفی (د) مرزا فرحت اللہ بیگ

9۔ "چند ہم عصر" کے مصنف کون ہیں؟

(الف) شاہد احمد دہلوی (ب) مولوی عبدالحق (ج) نیاز فتح پوری (د) اشرف صبوحی

10۔ "سویرے جو کل آنکھ میری کھلی" میں واحد متکلم کو صبح سویرے پڑھائی کے لیے کون جگاتے ہیں؟

(الف) مشرا جی (ب) لالہ جی (ج) شرما جی (د) ورما جی

حصہ(ب)

نوٹ : ذیل میں سے کوئی پانچ سوالوں کے جوابات مطلوب ہیں۔ ہر جواب کم سے کم دوسو (200) الفاظ پر مشتمل ہو۔ 5 X 6 = 30

1۔ ''ڈپٹی نذیر احمد کی کہانی کچھ میری کچھ ان کی زبانی'' کو اردو کا پہلا مکمل اور کامیاب خاکہ کیوں کہا جاتا ہے؟

2- ''دکن سا نہیں ٹھار سنسار میں'' میں قرۃ العین حیدر نے خطۂ دکن میں عوام کی ادب کے حوالے سے تاریخ سے وابستگی کو کس طرح بیان کیا ہے؟

3- مولوی عبدالحق کی خاکہ نگاری پر تبصرہ کیجیے۔

4- ''لاہور کا جغرافیہ'' میں پطرس بخاری نے لاہور کی صنعت و حرفت اور پیداوار کو کس طرح بیان کیا ہے؟

5- ''غبارِ خاطر'' کے حوالے سے مولانا ابوالکلام آزاد کی انشاپردازی پر روشنی ڈالیے۔

6- غالب کی خطوط نگاری کی امتیازی خصوصیات بیان کیجیے۔

7- رشید احمد صدیقی نے خاکہ ''کندن'' میں کندن کی کن اوصاف کو اجاگر کیا ہے

8- ذیل میں سے کوئی دو پر نوٹ لکھیے۔

(الف) نام دیو مالی (ب) چڑیا چڑے کی کہانی (ج) کرکٹ (د) آشفتہ بیانی میری

حصہ(ج)

نوٹ : درج ذیل سوالوں میں سے کوئی دو سوالوں کے جوابات مطلوب ہیں۔ ہر جواب کم سے کم ایک ہزار (1000) الفاظ میں لکھیے۔ 2 X 15 = 30

1۔ اردو میں انشائیہ نگاری کی روایت پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔

2- سفرنامہ ''جاپان چلو جاپان چلو'' میں مجتبیٰ حسین نے جاپانی قوم کا موازنہ ہندوستانیوں سے کس طرح کیا ہے؟ مثالوں سے واضح کیجیے۔

3- مشتاق احمد یوسفی کی انشائیہ نگاری پر روشنی ڈالیے۔

4- ''یادگارِ غالب'' کے حوالے سے مولانا الطاف حسین حالی کی سوانح نگاری کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

☆☆☆☆